مثنوی ۔ باب فضل و برکت | تصنیف: ابوسعید حیرت جلال پوری ۔ ناشر: مکتبہ بیت الکتاب راجپوت ہاؤس جلال پور ۔ ضخامت: ۷۸ صفحات ۲۲×۱۸ غیر مجلد
قیمت: دعائے خیر۔

ابوسعید حیرت جلال پوری ایک کہنہ مشق شاعر ہیں ۔ موصوف نے اس مثنوی میں گوجرانوالہ پنجاب پاکستان کے مشہور دیندار صنعت کار میاں محمد رفیق انور کی والدہ محترمہ کی سیرت اور کچھ خاندانی حالات بیان کیے ہیں ۔ محترم شاعر کی یہ کاوش بظاہر تعلقِ خاطر کی بات ہے، لیکن جو چیز اسے عام قارئین کے لیے قابلِ مطالعہ بناتی ہے، وہ مرحومہ اور ان کے فرزندوں کی بلند کرداری اور جذبۂ خدمتِ خلق ہے ۔ اس مثنوی میں مندرج حالات پڑھتے ہوئے یہ یقین پختہ ہوتا ہے کہ اللہ کی رحمت شاملِ حال ہو جائے تو ذرّہ آفتاب بن جاتا ہے ۔

معلوم نہیں کہ کس وجہ سے حیرت صاحب نظرِ ثانی کی زحمت گوارا نہیں فرما سکتے ۔ نتیجہ یہ کہ اس مثنوی میں سقم رہ گئے ہیں ۔ (نظر زیدی)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ | از جناب علی اصغر چوہدری ۔ ناشر: حرا پبلی کیشنز، اردو بازار لاہور ۔ صفحات: ۱۲۸، قیمت ۲۱/- روپے

یہ مختصر کتاب اُم المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سوانح حیات پر مشتمل ہے ۔ اندازِ بیان نہایت شستہ اور دلچسپ ہے ۔ اگرچہ اس کے تمام مآخذ اُردو زبان کے ہیں ۔ اس لیے ثانوی ہیں تاہم تحقیق کا معیار عمدہ ہے ۔ ہر طبقے کے مسلمانوں کے لیے ایک قابلِ مطالعہ چیز ہے اور فکر و عمل کے لیے ایک اعلیٰ نمونہ ہے ۔

(رفیق چوہدری)